Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

یوم جمعرات

The Daily
ALFAZL
RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۳۵ پیسے

جلد ۶۶/۳۱ | ۱۱ محرم ۱۳۹۸ھ ۲۲ فتح ۱۳۵۶ھ ۲۲ دسمبر ۱۹۷۷ء | نمبر ۲۸۶

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۲ فتح۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احبابِ جماعت خاص توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو صحت و عافیت سے رکھے، برکتوں سے معمور لمبی زندگی دے اور ہر طرح حضور کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

جلسہ سالانہ میں شمولیت کیلئے بیرونی ممالک کے وفود اور احباب ربوہ پہنچنے شروع ہو گئے

مرکزِ سلسلہ احمدیہ میں اکنافِ عالم کی سعید روحوں کی آمد میں لمحہ بہ لمحہ اضافہ ہو رہا ہے

ربوہ ۲۱ فتح۔ جماعتِ احمدیہ کا نہایت بابرکت و مقدس جلسہ سالانہ اپنے تمام فیوض کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۲۶ فتح (دسمبر) بروز دوشنبہ شروع ہو جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور اس طرح ایک دفعہ پھر سیدنا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی بشارات کے ماتحت اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کے لئے مبعوث ہونے والے مہدیٔ معہود علیہ السلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اپنی غیر معمولی تائید و نصرت کے جو وعدے فرمائے تھے ہم اپنی آنکھوں سے انہیں پورا ہوتے ہوئے دیکھیں گے۔

باوجود اس کے کہ جلسہ میں شمولیت کے لئے ربوہ پہنچنے کے سلسلے میں اب پہلے کی سی سہولتیں میسر نہیں ہیں تاہم پاکستان کے اطراف و جوانب سے احبابِ جماعت ربوہ پہنچنے شروع ہو گئے ہیں۔ پاکستان کے علاوہ بیرونی ممالک کی احمدی جماعتوں کے وفود اور احباب کی تشریف آوری بھی شروع ہو گئی ہے۔ چنانچہ اس وقت تک ملائیشیا، فجی، امریکہ، انڈونیشیا، غانا، سیرالیون، سپین اور مغربی جرمنی کے متعدد دوست یہاں پہنچ چکے ہیں۔ بیرونی ممالک کی احمدی جماعتوں کے وفود میں سے ایک بڑا وفد امریکن نومسلم احمدی بھائیوں کا ہے جو قادیان کے جلسہ سالانہ میں شمولیت کی سعادت حاصل کرنے کے بعد آج شب کو ربوہ پہنچ رہا ہے موصولہ اطلاعات کے مطابق یہ وفد ۳۵ افراد پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ ماریشس، آئیوری کوسٹ، سپین، ٹرینیڈاڈ، نائیجیریا، سویڈن، زیمبیا، کینیڈا کے وفود بھی ایک دو روز میں ربوہ پہنچ رہے ہیں۔ انگلستان سے تو خاصی بڑی تعداد میں احمدی دوست آ رہے ہیں جن میں سے بعض پہنچ چکے ہیں اور باقی عنقریب انشاء اللہ تشریف لے آئیں گے۔

ادھر اہالیانِ ربوہ جن میں مرد، عورتیں، بچے، نوجوان اور بوڑھے سبھی شامل ہیں پوری مستعدی اور شوق کے ساتھ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے آنے والے مہمانانِ کرام کے استقبال اور خدمت کے لئے تیاریوں میں مصروف ہیں اور انہیں ہر ممکن آرام اور سہولت بہم پہنچانے کے لئے سرگرمِ عمل ہیں۔ مرکزی نظام کے ماتحت قیام گاہوں کے علاوہ مہمانوں کی خاصی بڑی تعداد ایسی ہوتی ہے جو انفرادی طور پر احبابِ ربوہ کے مکانات میں ٹھہرتی ہے اور اہلِ ربوہ اپنے مکانات کے زیادہ سے زیادہ حصے انکی رہائش کے لئے پیش کر دیتے ہیں اور یوں بصد محبت وہ آنے والے مہمانوں کو اپنے گھروں میں سمیٹنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آنیوالے تمام مہمانانِ کرام کا سفر و حضر میں حافظ و ناصر ہو اور انہیں اس آسمانی جلسہ کی روحانی برکات سے زیادہ سے زیادہ متمتع ہونیکی توفیق بخشے اور اہلِ ربوہ کو ان کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے اور ان کے لئے ہر ممکن آرام اور سہولت بہم پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کا تاکیدی ارشاد

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تاکیدی ارشاد فرمایا ہے کہ جو دوست جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے تشریف لائیں وہ ذکرِ الٰہی اور دعائیں کرتے ہوئے خاموشی کے ساتھ سفر کریں۔ نعرے نہ لگائیں اور کسی سے بحث میں نہ الجھیں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ)

خاکسار کی طبیعت اب پہلے سے بھی زیادہ خراب ہے کمزوری بہت ہے اب ہومیوپیتھک علاج کرا رہا ہوں لیکن ابھی تک کوئی افاقہ نہیں احباب میری صحتِ کاملہ کے لئے دعا فرمائیں۔

خاکسار محمد صدیق امرتسری (سابق مبلغ افریقہ)

خاکسار کا چھوٹا بھائی عزیزم محمد اشرف بعارضہ خونی بواسیر اور ضعفِ جگر سخت بیمار ہے اور حالت تشویشناک ہے۔ احبابِ جماعت سے اس کی شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(نذیر احمد ٹیچر ٹی آئی ہائی سکول ربوہ)

رضاکاران جلسہ سالانہ متوجہ ہوں

مختلف جماعتوں کی طرف سے جن رضاکاران کے نام جلسہ سالانہ کی ڈیوٹی کے لئے بھجوائے گئے ہیں اُن کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ ربوہ پہنچ کر ڈیوٹی کے لئے دفتر افسر جلسہ سالانہ میں رپورٹ فرمائیں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۷۷ء کو بوقت تین بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں انشاء اللہ انتظامات کا معائنہ ہوگا۔

(افسر جلسہ سالانہ)

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
۲۲ر فتح ۱۳۵۶ھش
۲۲ر دسمبر ۱۹۷۷ء

ہر ہر قدم پر ثواب دلانے والا مقدس و مبارک سفر

ہمارا مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ شروع ہونے میں اب صرف چند دن باقی ہیں۔ بیرونی ملکوں کے وفود بحمد اللہ تعالیٰ پہنچنے شروع ہو گئے ہیں اور قریباً روزانہ ہی کسی نہ کسی ملک کے احباب مرکزِ سلسلہ میں پہنچتے ہیں۔ اُدھر ہمارے پاکستانی احباب بھی ربوہ پہنچنے کے لئے بابرکاب ہیں اور وہ اس مبارک سفر پر روانہ ہونے والے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں علم و معرفت کے حصول کے لئے جو سفر اختیار کیا جائے اسے بہت ہی مبارک سفر قرار دیا ہے۔ چنانچہ حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص علم کی تلاش میں گھر سے نکل کھڑا ہو اللہ تعالیٰ اُس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے، فرشتے علم کے ایسے طالب کے اس فعل سے خوش ہو کر اپنے پَر اُس کے آگے بچھاتے ہیں، اور عالم کے لئے زمین و آسمان میں رہنے والے بخشش کی دعا مانگتے ہیں، یہاں تک کہ پانی کی مچھلیاں بھی اس کے حق میں دعا کرتی ہیں۔

اُن عظیم الشان برکتوں سے قطع نظر جن کا اللہ تعالیٰ نے ہمارے مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ کو حامل بنایا ہے اور جن پر ہم متعدد گزشتہ اداریوں میں روشنی ڈال چکے ہیں اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ بالا حدیث کی روشنی میں اس الٰہی جلسہ کے سفر پر نگاہ ڈالی جائے تو اس لحاظ سے بھی یہ سفر بہت ہی مقدس و مبارک ثابت ہوئے بغیر نہیں رہتا کیونکہ جن بلند دینی اغراض کے ماتحت ہمارا جلسہ سالانہ منعقد کیا جاتا ہے ان میں سے ایک غرض حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بیان فرمائی ہے کہ تا:-

"ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اُٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔"

اور پھر اسی ضمن میں حضور علیہ السلام نے مزید فرمایا کہ:-

"صرف طلب علم اور مشورۂ امدادِ اسلام اور ملاقاتِ اخوان کے لئے یہ جلسہ تجویز کیا گیا ہے۔"

اسی لئے اس غرض کے جلسہ سالانہ کے ذریعہ پورا ہونے کے متعلق حضورؑ نے یہ بھی فرمایا کہ:-

"اس میں ایسے حقائق و معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔"

اس سے ظاہر ہے کہ جو سفر طلبِ علم، حقائق و معارف کے حصول اور ایمان اور یقین اور معرفت میں ترقی کی غرض سے ایسے مقدس و بابرکت الٰہی جلسہ میں شرکت کی خاطر اختیار کیا جائے اس کے اپنی جگہ مقدس و مبارک اور ثمرات و ثمرات ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے۔ بلاشبہ اس الٰہی جلسہ میں شمولیت کی خاطر اختیار کیا جانے والا سفر بہت ہی مقدس و مبارک سفر ہے اور اسے اختیار کرنے والے وہ خوش نصیب مسافر ہیں جن کے لئے سب سے اندازاً جو ثواب مقدر ہے اور اس لئے مقدر ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں **ہر یک قدم پر ثواب عطا ہونے کی مقبول دعا** سے پہلے ہی نواز رکھا ہے۔

چنانچہ حضورؑ نے جب خدائی منشاء اور اذن کے ماتحت ۱۸۹۱ء میں اس الٰہی جلسہ کی بنیاد ڈالی تو جن خوش نصیب احباب کو اُس وقت حضورؑ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس میں شرکت کی غیر معمولی سعادت نصیب ہوئی تو حضورؑ نے ان کے حق میں اللہ تعالیٰ کے حضور بطور خاص یہ دعا کی کہ:-

"اور اب جو ۲۷ر دسمبر ۱۸۹۱ء کو دینی مشورہ کے لئے جلسہ کیا گیا اس جلسہ پر جس قدر احباب محض للہ تکلیف سفر اُٹھا کر حاضر ہوئے خدا ان کو جزائے خیر بخشے اور ان کے **ہر یک قدم کا ثواب** ان کو عطا فرماوے، آمین ثم آمین۔" (آسمانی فیصلہ)

اور پھر ایک سال بعد جب حضورؑ نے ۱۸۹۲ء کے جلسہ سالانہ میں شرکت کی تحریک شائع فرمائی تو اس میں اس جلسہ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کو ہر یک قدم پر ثواب عطا ہونے کی بشارت سے نوازا۔ چنانچہ آپؑ نے رقم فرمایا:-

"ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادِ راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ **خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔**"

(اشتہار ۷ر دسمبر ۱۸۹۲ء)

نیز حضور اقدس علیہ السلام نے آئندہ بھی اس جلسہ میں سال بہ سال شرکت کی غرض سے سفر اختیار کرنے والوں کو بیش بہا دعاؤں سے نوازتے ہوئے مزید رقم فرمایا:-

"ہر ایک صاحب جو اس الٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ اُن کے ساتھ ہو اور ان کو اجرِ عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دُور فرماوے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روزِ آخرت میں اپنے اُن بندوں کے ساتھ ان کو اُٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتامِ سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔

اے خدا! اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔" (اشتہار ۷ر دسمبر ۱۸۹۲ء)

الغرض احباب جماعت عنقریب اُس مقدس و مبارک سفر پر روانہ ہونے والے ہیں جس میں ہر یک قدم کا ثواب انہیں ملنا مقدر ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں پہلے سے بہت بڑھ کر تعداد میں یہ سفر اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان کا یہ سفر بخیر و عافیت اختتام پذیر ہو اور خدا تعالیٰ ہر یک قدم کا ثواب انہیں عطا کرے اور وہ اپنے وقت کو یہاں اس طرح گزاریں کہ انہیں بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے، ان کے معلوماتِ دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو اور وہ عند اللہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مقبول دعاؤں کے وارث قرار پائیں اور وہ سب دعائیں ان کے حق میں قبول ہو کر ان کی خوش بختی و خوش نصیبی کو چار چاند لگانے کا موجب ثابت ہوں۔ آمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

مصباح کا جلسہ سالانہ نمبر شائع ہو گیا!

مصباح کا جلسہ سالانہ نمبر جو حضرت نواب مبارکہ بیگمؓ کے سیرت کے مضامین پر مشتمل ہے شائع ہو گیا ہے۔ مستقل خریداروں کو ڈاک سے بھجوایا جا رہا ہے۔ باقی سب بہنوں کو چاہیئے کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر مصباح ضرور خریدیں۔ خود پڑھیں، اپنی بچیوں کو پڑھائیں تا ان کو حضرت نواب مبارکہ بیگمؓ کے حالاتِ زندگی کا علم ہو اور اس کی روشنی میں وہ اپنا کردار بھی ڈھال سکیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

سب کمیٹی لجنہ اماء اللہ کی میٹنگ

سالانہ اجتماع پر جس مجلس کی تشکیل ہوئی تھی کہ قواعد و ضوابط پر غور کرے اس کا پہلا اجلاس ۲۴ر دسمبر کی شام ساڑھے تین بجے صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے مکان پر ہو گا۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جزائر فیجی میں نورِ اسلام کی چمک

• سکولوں اور گرجاؤں میں تقاریر • تبلیغی دورے • لٹریچر کی تقسیم • گھروں پر انفرادی ملاقاتیں • وزیر اعظم • فیجی سے ملاقات • ۱۹ افراد کا قبول اسلام و احمدیت

مکرم سجاد احمد صاحب خالد مبلغ جزائر فیجی

جزائر فیجی کا دنیا کے ممالک میں اس لحاظ سے اہمیت حاصل ہے کہ یہ ملک دنیا کے کنارہ پر واقع ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا الہام کہ:

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔"

پوری شان و شوکت سے ہر آن پورا ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے پیارے خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں کے طفیل اس وقت جزائر فیجی میں اسلام کا سورج پوری طرح چمک رہا ہے۔ اور خاکسار اپنے مبلغ انچارج و امیر مولانا دین محمد صاحب کے ساتھ اسلام کی تبلیغ میں مصروف ہے۔

الحمد للہ ثم الحمد للہ ایام زیر رپورٹ میں اشاعتِ اسلام اور اعلائے کلمۃ اللہ و تبلیغ حق اور جماعتوں کی تربیت کے خاص مواقع ملتے رہے جس کی رپورٹ مختصراً بغرض دعا ہدیۂ قارئین ہے۔

تعلیم و تربیت

(۱) درس القرآن بعد از نماز فجر: اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی توفیق سے ناندی، مارو اور لٹوکا میں قیام کے دوران ہر روز نماز فجر کے بعد قرآن پاک کا درس دیا جاتا ہے۔ جماعت TAYEONI اور جزائر کے دورہ کے دوران خاکسار اپنے مخلص احمدی بھائیوں کے گھروں پر قیام کرتا رہا اور درس القرآن کا سلسلہ جاری رہا۔

(۲) تعلیم القرآن کلاس: اللہ تعالیٰ کے فضل اور خلیفۂ وقت کی دعاؤں کے طفیل ناندی، مارو اور لٹوکا میں تعلیم القرآن کلاس جاری ہے جس میں بچوں کو ناظرہ القرآن قاعدہ اور قرآن پاک ناظرہ پڑھایا جاتا ہے۔ خاکسار ہر جگہ پر حاضر ہوتا ہے اور جماعت کے دوستوں کی مدد کرتا ہے۔

(۳) ہفتہ وار اجتماعی اجلاس: ناندی، مارو اور لٹوکا کی جماعتیں اپنا اپنا ہفتہ وار اجتماعی اجلاس کرتی ہیں۔ خاکسار ان تینوں اجلاس میں شریک ہوتا ہے اور دوستوں کو علمی اور تربیتی باتیں بتائی جاتی ہیں اور پھر دوسرے درس میں ان سے سنا جاتا ہے۔

(۴) درس مستورات: ناندی، مارو اور لٹوکا کی لجنہ اماء اللہ کی تنظیمیں اپنا اپنا اجلاس ہر دوسرے ہفتہ منعقد کرتی ہیں۔ خاکسار بہنوں کے اجلاسوں میں شریک ہوتا ہے اور انہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے واقعات معہ سن لکھائے جاتے ہیں۔ اس طرح خدا کے فضل سے جماعتوں کا علمی سٹینڈرڈ بڑھ رہا ہے۔

(۵) رمضان المبارک کا خاص پروگرام: رمضان المبارک میں تینوں جماعتوں نے فیصلہ کیا کہ خاکسار دس روز ہر جماعت میں گزارے۔ اس طرح خدا کے فضل سے ہر جماعت میں تراویح پڑھانے کا موقعہ ملا۔ تراویح کے بعد قرآن پاک کا درس دیا جاتا اور برکات رمضان پر روشنی ڈالی جاتی رہی۔

تبلیغ و تقسیم پمفلٹ

تبلیغ: اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان ایام کے دوران ۲۵۰۰ افراد تک اسلام اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا پیغام پہنچانے کا موقعہ ملا۔

پمفلٹ تقسیم: کل ۲۰۰۰ پمفلٹ انگریزی، ہندی اور فیجین زبان میں تقسیم کرنے کا موقعہ ملا۔

بیعتیں: کل ۱۹ افراد بیعت کر کے اسلام اور احمدیت میں شامل ہوئے۔

سکولز میں تقاریر: اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۶ سیکنڈری اور پرائمری سکولوں میں نصف نصف گھنٹہ تقاریر کرنے اور ۱½، ۱½ گھنٹہ تک سوالات و جوابات کا موقعہ ملا۔

Lomondai سیکنڈری سکول میں جانے کا موقعہ ملا۔ حفیظ احمد صاحب جو کہ پاکستان تعلیم حاصل کرنے گئے تھے۔ ان کے تین بہن بھائی اسی سکول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ان کے پروگرام بنانے پر نصف گھنٹہ اس سکول میں تقریر کی اور ۱½ گھنٹہ تک طلباء کے سوالات کے جوابات دیئے اور اسلام کے سب پہلوؤں پر بحث ہوئی اور اسلام اور دیگر مذاہب کا اختلاف بیان کیا۔ آخر میں ماسٹر صاحبان نے جماعت احمدیہ کی تعریف کی۔

Bolale پرائمری سکول میں نصف گھنٹہ بچوں کو نصائح کرنے کے بعد سکول کے ہیڈ ماسٹر سر جوبرشاہ صاحب کو ایک گھنٹہ تک عیسائیت کے بارہ میں بائیبل سے باتیں بتائیں اور حوالہ جات نوٹ کروائے۔

مکرم سر جوبرشاہ صاحب پہلے اشتی طور پر ہندو تھے لیکن بعد میں عیسائیت قبول کر لی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے اسلام کے بعض اصولوں کو نہایت پسند کیا اور قرآن پاک مانگا جو کہ ان کو دے دیا گیا۔ اور وہ باقاعدہ طور پر مطالعہ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جلد اسلام میں داخل ہونے کی توفیق عطا کرے۔

گرجا گھروں میں تقاریر

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کئی گرجا گھروں میں جانے کا موقعہ ملا اور اسلام کے متعلق تعلیم بتائی۔

LALALA گاؤں کے گرجا گھر میں تقریر: LALALA بہت بڑا گاؤں ہے یہاں کے چیف صاحب سے مل کر تین گاؤں کے لوگوں کو اکٹھا کر کے گرجا گھر میں کھڑے ہو کر تقریر کرنے کا موقعہ ملا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اور صلیب سے زندہ اترنا بیان کیا۔ آخر میں سوالات کے تسلی بخش جوابات دیئے گئے۔

(جزیرہ) NASARWAGA. میں جو کہ حال ہی میں بنایا گیا ہے کا موقعہ ملا۔ اس میں جو کہ ۱۵ منٹ تک فیجین زبان میں اسلام کی تعلیم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب سے زندہ اترنا بیان کیا۔ گرجا گھروں میں محض اس لئے جایا جاتا ہے تاکہ لوگوں سے تعارف ہو اور ان کو اسلام کے قریب لانے کا موقعہ ملے۔

ہری راما ہری کرشنا مندر کے افتتاح کے موقعہ پر تقریر: لٹوکا گاؤں میں ہری راما ہری کرشنا تحریک کے لوگوں نے ۳۰ لاکھ روپے کی لاگت سے ایک شاندار مندر تعمیر کیا ہے۔ مندر میں بت رکھنے کے لئے لاس اینجلز کے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئیں۔ خاکسار کو بھی اس موقعہ پر دعوت دی گئی۔ خاکسار نے اس موقعہ کو غنیمت جانا اور افتتاح کے موقعہ پر کمشنر ویسٹرن ڈویژن کے بعد ۵ منٹ تقریر کی اور اسلام کے زندہ خدا کو پیش کیا اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے معنے اور مفہوم بیان کیا۔

کمشنر ویسٹرن ڈویژن سے ملاقات:

مندر کے افتتاح کے موقعہ پر کمشنر صاحب ویسٹرن ڈویژن سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے دفتر میں ملاقات کرنے کا اظہار کیا۔ خاکسار پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ لٹوکا مکرم حاجی حنیف صاحب اور واٹس پریذیڈنٹ جماعت لٹوکا مکرم ماسٹر محمد حسین صاحب کے ساتھ کمشنر صاحب کو ملا۔ ناندی کی خدمت میں قرآن پاک کا تحفہ، اسلامی اصول کی فلاسفی ہندی ترجمہ اور دوسری کتب ہندی کی پیش کیں۔ کمشنر صاحب نے جماعت کی مساعی میں خاص دلچسپی کا اظہار کیا۔ جماعت کی تنظیموں کا تعارف۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی اور خلفاء کا تعارف کروایا۔ کمشنر صاحب نے احمدی اور غیر احمدی میں فرق پوچھا جس کو اچھے طریقے پر بیان کیا گیا۔

جزیرہ وانی میوزگاؤں میں تبلیغ: NOSIA گاؤں ناندی سے ۱۲۰ میل پر واقع ہے۔ یہاں ہمارے ایک نہایت مخلص کریمی احمدی بھائی ناصر احمد صاحب اموری رہتے ہیں ان کی خواہش پر اس گاؤں کا دورہ کیا گیا۔ ہمارے گاؤں کے لوگ ان کے مشنری صاحب اور چیف صاحب کو اکٹھا کر کے تین گھنٹے تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب سے زندہ اترنے کے موضوع پر بات چیت ہوتی رہی۔ آخر میں طے پایا کہ اگلی میٹنگ میں اسی موضوع پر بات چیت کی جائے گی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا اور خدا کے بیٹے تھے۔

آخر ۸ اکتوبر کو خاکسار ایک دفعہ پھر ناندی جماعت کے پریذیڈنٹ بھائی محبوب یوسف خاص

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کے ساتھ گئے اور اسی موضوع سے بات چلی لیکن جب گاؤں کے لوگوں کو جواب نہ آتا تو موضوع بدل لیتے۔ خاکسار اس موقعہ پر ان کو توجہ دلا دیتا۔ اس طرح دو گھنٹہ تک خدا کے فضل سے عیسائیت سے متعلق ہر موضوع پر گفتگو ہوئی۔ آخر یہ لوگ کہنے لگے۔ آپ نے بہت تیاری کی ہوئی ہے ہمیں مہلت دی جائے خاکسار نے منظور کر لیا اور جب بائیبل بند کی تو پادری فنڈ کے بعد کہنے لگے اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خدا ہونے سے متعلق بات چیت جاری رہنی چاہیے۔ آخر ایک گھنٹہ کے بعد پھر یہی بات چل نکلی کہ آپ کی تیاری بہت زبردست ہے۔ ہمیں بھی تیاری کرنے کا موقعہ دیا جائے۔ خاکسار نے ایک ماہ کے بعد دوبارہ آنے کا وعدہ کیا۔

ان دورہ کے دوران عورتوں نے بھی مردوں کی پوری پوری مدد کرنے کی کوشش کی۔ خاکسار کی بدو جماعت کے دو نہایت مخلص نوجوان محمد شفیق صاحب اور علیم خان صاحب نے کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جلد اسلام میں داخل کرے۔

پانچ کرسچین دوستوں کا قبول اسلام:

MARO کے علاقہ میں جزیرہ Lam کے ۲۲ کرسچین نوجوان گن کاٹنے کے لئے آئے ہوئے تھے۔ خاکسار جب بھی MARO کی جماعت کا دورہ کرتا ان نوجوانوں سے رابطہ کرتا اور آہستہ آہستہ ان کو بائیبل سے باتیں بتانا شروع کیں۔ جب ان نوجوانوں نے زیادہ دلچسپی لینا شروع کی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے کھل کر ان کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب سے زندہ اترنا اور ایک خدا کی تبلیغ کرنا شروع کی۔ آخر دو ماہ کے بعد رمضان المبارک کے مہینہ میں جب خاکسار آخری دس روزہ پروگرام کے مطابق MARO میں گزارنے کے لئے گیا تو MARO جماعت کے احمدی دوست باری باری اپنے گھر دعوت افطاری کا پروگرام بناتے اور ہندو اور عیسائی دوستوں کو دعوت دی جاتی اور ان دوستوں کو بھی ایک دعوت میں شامل کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۱۵ نوجوان باقاعدگی سے نماز عشاء اور تراویح کی نماز میں آنا شروع ہو گئے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک روز وہ دوست بیعت کر کے اسلام میں داخل ہو گئے۔ ان پانچ دوستوں میں ایک ان کا مشترکہ بھی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے نماز عید الفطر میں ہمارے کے سارے (۲۲) نوجوان شامل ہوئے اور بڑے احترام کے ساتھ نماز عید ہمارے ساتھ ہی پڑھی۔

نماز عید کے بعد مسجد کے اندر ہی ان دوستوں کو فرداً فرداً ایک گھنٹہ تک بائیبل سے باتیں بتائیں۔ اور عید کے روز دوپہر کا کھانا ان سب دوستوں نے احمدی بھائیوں کے ساتھ کھایا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جزیرہ Lam جہاں پہلے ایک بھی مسلمان نہیں ہے یہ پہلے مسلم احمدی ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو استقامت بخشے۔

MARO کی جماعت کے دوستوں نے اس معاملہ میں پورا تعاون کیا۔ خصوصاً مکرم حارث خان صاحب نے بہت قربانی کا مظاہرہ کیا کیونکہ یہ سب دوست ان کے گروپ میں گن کاٹتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے۔

سیاحوں کو تبلیغ اسلام

YADAV گاؤں میں ۴ بجے بعد از دوپہر اسلام کی تعلیم پر روشنی ڈالنے کے لئے گاؤں والوں نے وقت دیا۔ خوش قسمتی سے اس روز ۴۰ سیاح جو کہ اٹلی اور آسٹریلیا سے تعلق رکھتے ہیں اس گاؤں میں تشریف لائے۔ گاؤں کے لوگوں سے بات چیت کرنے سے قبل اٹلی کے سیاحوں سے کفارہ مسیح پر بات کرنے کا موقع ملا۔ اور کفارہ پر خون اور پانی کے دھبوں سے حضرت عیسیٰ کا زندہ ہونا ثابت کیا۔ انہوں نے فرمایا۔ ہم نے کبھی اس کے متعلق سوچا بھی نہ تھا۔ حوالہ جات نوٹ کرنے کے بعد مزید سوچنے کا وعدہ کیا۔

اس کے بعد ۴ بجے سے شام ۶ بجے تک گاؤں کے لوگوں سے بائیبل کی رو سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب سے زندہ اترنا ثابت کیا۔ آخر یہ طے پایا کہ دوسری میٹنگ میں اس بات پر بحث ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا اور خدا کے بیٹے تھے۔ اس کے بعد خاکسار رحمیاسہ کے دورہ پر چلا گیا جس کی وجہ سے ابھی تک اس گاؤں میں دوبارہ نہیں جا سکا۔ اب انشاء اللہ اس گاؤں کا دورہ کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جلد اسلام میں داخل کرے۔

جزیرہ ون والیو کا دورہ:

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان ایام کے دوران خاکسار امیر صاحب کے حکم پر جزیرہ ون والیو کے دورہ پر روانہ ہوا علاوہ تربیت و دروس اور اجتماعی اجلاسات اور تبلیغ کے مندرجہ ذیل مواقع پیدا ہوئے:۔

(۱) کمشنر فارن (ون) زون سے ملاقات:

فارن زون کے کمشنر صاحب آخر تک نسل سے ہیں۔ ان تک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا پیغام پہنچانے کا موقع ملا۔ اور قرآن پاک، اسلامی اصول کی فلاسفی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق کتب تحفتاً ان کی خدمت میں پیش کیں اور انہوں نے بڑے تحریصانہ انداز میں کہا۔ کہ اب میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ میرے پاس بھی قرآن مجید ہے۔ ان کو جماعت کی کارکردگی سے متعلق بتایا گیا۔

اس ملاقات کے دوران خاکسار کے ساتھ جماعت کے پریذیڈنٹ ممتاز وکیل اور دو دیگر جماعت کے حاجی رحیم بخش صاحب بھی تھے۔

چیف رانو جوزف ایلوا ایلو صاحب سے ملاقات: جناب رانو جوزف صاحب جزیرہ ون والیو کے تمام فیجین گاؤں کے چیف ہیں اور نہایت شریف اور خلیق انسان ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو آج کل ہاؤس آف پارلیمنٹ کا ممبر بھی بنایا ہوا ہے۔ جماعت کے نہایت مخلص احمدی نوجوان جناب حنیف کویا صاحب نے کھانے کا انتظام کیا اور جناب رانو صاحب کو بھی مدعو کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایلوا ایلو صاحب کی خدمت میں قرآن پاک کا تحفہ پیش کیا اور نصف گھنٹہ تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمنوں سے سلوک کے موضوع پر باتیں کیں۔ جناب ایلوا ایلو صاحب بڑی توجہ سے باتیں سنتے رہے اور ان کی آنکھوں میں آنسو تھے۔

انہوں نے بڑی عقیدت کے ساتھ خاکسار کے ساتھ خود اترائی اور اپنے گھر میں آویزاں کی ہوئی ہے۔

لائبریری کو اسلامی کتب کا تحفہ:

جزیرہ ون والیو میں اس وقت تین بڑی اور بہت مخلص اور قربانیاں کرنے والی جماعتیں ہیں ان میں سے ایک جماعت ہے۔ جماعت ٹاؤن کی لائبریری میں خاکسار کو جانے کا موقع ملا۔ لائبریری کی دیکھ بھال کرنے کے لئے دو غیر احمدی مسلمان لڑکیاں مقرر ہیں۔ خاکسار نے ان کو جماعت کا لٹریچر رکھنے کی درخواست کی جس کو انہوں نے خوشی سے قبول کیا اور ایک لڑکی (جس کی ساس فیجین نسل سے ہے) اس فیجین زبان کے لٹریچر کو اپنے گھر لے گئی اور اپنی ساس صاحبہ کو پڑھنے کے لئے دیا۔ جس پر انہوں نے ملاقات کرنے کی خواہش کی۔ یہ عورت یہاں مسلم لیگ کی لجنہ کی صدر ہیں۔ خاکسار ممتاز وکیل صاحب کو ساتھ لے کر ان کے گھر پر انہیں ملا۔ اور نصف گھنٹہ کی گفتگو کے بعد خاکسار نے ان کو احمدیت میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اپنے بیٹوں سے مشورہ کرنے کے بعد بتا دیں گی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد احمدیت میں داخل کرے۔

اسی طرح لائبریرین صاحبہ ہمارے ایک احمدی دوست کی بیٹی ہیں۔ ان کے والد صاحب صرف احمدی ہیں باقی کوئی ممبر احمدی نہیں ہے انہوں نے اپنے گھر کھانے کی دعوت دی خاکسار ممتاز وکیل صاحب کے ساتھ ان کے گھر گیا۔ لائبریرین صاحبہ کے بچوں کو تحفہ دینے کے علاوہ ان کے خاوند اور دوسرے لوگوں کو ایک گھنٹہ تک تبلیغ کی اور ان کی غلط فہمیاں دور کیں۔ خصوصاً یہ بات کہ احمدیوں کا کلمہ اور ہے اور وہ حج کرنے کے لئے

دعائے مغفرت

خاکسار کے بہنوئی مکرم محمد اسماعیل صاحب ولد محمد ابراہیم صاحب مرحوم آف نانوتہ ضلع لاہور حال درویش منزل دارالصدر شمالی ربوہ دو سال بعارضہ دمہ کھانسی بخار رہنے کے بعد اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

مرحوم مکرم ملک فضل احمد صاحب سابق پریذیڈنٹ حضرت مرزا بشیر احمد قمر الانبیاء کے داماد تھے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے ایک سوگوار بیوہ کے علاوہ چار لڑکے اور دو لڑکیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ تمام بچے چھوٹی چھوٹی عمر کے ہیں۔ سب سے بڑا لڑکا تیرہ سال کا ہے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور اپنی رحمت کی چادر میں لپیٹ لے آمین!

نیز مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرماتے ہوئے ان کا حامی و ناصر ہو۔ مرحوم کی بیوہ بھی بہت بیمار ہے اور ذریعہ معاش نہ ہونے کی وجہ سے سخت پریشان ہیں۔ احباب جماعت بیوہ کی صحت و سلامتی اور بہتر ذریعہ معاش ملنے کے لئے بھی دعا کی درخواست ہے۔

(شمس الدین ملک، مکان نمبر ۹/۵۲ دارالعلوم شرقی ربوہ)

میرے والد صاحب محترم خواجہ عبداللہ جان صاحب سبزی فروش رحمت بازار چند دنوں سے بعارضہ فالج بیمار ہیں۔ ان کی کامل و عاجل صحت کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(خواجہ بشارت احمد فروٹ مرچنٹ۔ رحمت بازار۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ ربوہ

کا

سالانہ اجلاس عام

مورخہ ۳۰ دسمبر ۱۹۷۷ء بوقت ۱۱ بجے صبح دفتر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ میں منعقد ہوگا۔ تمام حصہ داران سے شرکت کی درخواست ہے۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے:۔

ایجنڈا

۱۔ سالانہ حسابات نفع و نقصان بیلنس شیٹ بابت سال مختتمہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۷۷ء کے متعلق رپورٹ۔
۲۔ انتخاب ڈائریکٹران کمپنی برائے سال آئندہ۔
۳۔ انتخاب آڈیٹر برائے سال آئندہ۔
۴۔ کوئی اور تجویز جو ممبر پیش کرنا چاہیں۔

خاکسار قاضی محمد نذیر
چیئرمین الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

جلسہ سالانہ کے ایام میں

روزنامہ الفضل کا دفتر عارضی طور پر جلسہ گاہ کے قریب منتقل ہو جائے گا۔ احباب الفضل سے متعلقہ امور کے سلسلہ میں اُن دنوں وہاں تشریف لائیں اور اپنا خریداری نمبر بھی نوٹ کر کے ضرور ہمراہ لائیں۔ یہ نمبر آپ کے پتہ کی چٹ پر درج ہوتا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ الفضل کا ایک پرچہ ہی ساتھ لیتے آئیں تاکہ آپ کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔ (مینیجر الفضل۔ ربوہ)

اعلانِ نکاح

مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۷۷ء بروز سوموار بعد نماز عصر مسجد فضل فیصل آباد میں مکرم مولوی محمد الدین صاحب مربی سلسلہ احمدیہ نے میرے چھوٹے بھائی عزیزم داؤد احمد خان اسسٹنٹ مینیجر سکنڈے نیویا ہوٹل ناروے کا نکاح بمراہ عزیزہ حمیرہ مجید صاحبہ بنت مکرم شیخ عبد المجید صاحب مرحوم آف فیض اللہ چک حال فیصل آباد بعوض بیس ہزار روپیہ حق مہر پڑھا۔

عزیزم و عزیزہ ہر دو حضرت ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب مرحوم آف قلعہ صوبہ سنگھ صحابی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نواسہ اور نواسی ہیں۔

احباب جماعت سے عاجزانہ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے مبارک کرے اور اپنی غیر معمولی رحمتوں اور برکتوں سے اسے ثمرات حسنہ کرے۔

زرتشت منیر احمد خان
نائب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کراچی

مسیح دجّال اور یاجوج و ماجوج کا ظہور

(انعام یافتہ)

از محمد اسد اللہ قریشی (مربی سلسلہ) قیمت ۱۲ روپے

تاریخ احمدیت کشمیر۔ قیمت ۱۰ روپے

الشرکۃ الاسلامیہ گولبازار ربوہ وغیرہ کتب فروشوں سے طلب فرمائیں

الفضل میں اشتہار دیکر اپنے کاروبار کو فروغ دیجئے۔ (مینیجر)

مختصر تعارف کتب مسیح موعود علیہ السلام

صفحات ۶۴ — قیمت ۲ روپے صرف

ربوہ کے تمام کتب فروشوں سے طلب فرمائیں!

منیر سینٹری فٹنگ

c/o عظیم آئرن سٹور گولبازار ربوہ

مکان برائے فروخت

ایک مکان رقبہ ۲۱ مرلہ۔ چار کمرے۔ نلکا۔ پانی میٹھا۔ بجلی۔ نزد گنبد والی مسجد دارالیمن غربی ربوہ۔ مکان دو حصوں میں بھی تقسیم کر کے فروخت ہو سکتا ہے۔ باموقع نہایت ارزاں قیمت پر۔ رجوع فرمائیں!

بلال اسٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز۔ اقصیٰ روڈ ربوہ

فون دفتر ۵۰۸ —— فون رہائش ۴۰۵

ہمدردانہ مشورہ اور کامیاب علاج

مطب ناصر دواخانہ
گولبازار ربوہ
فون ۵۳۴

جرمن اور امریکن ہومیوپیتھک ادویات سے پرانے اور پیچیدہ امراض کے کامیاب علاج کیلئے تشریف لائیں یا مفصل علامات لکھیں!

شاہ ہومیوپیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

ہومیوپیتھک و بایوکیمک ادویات

معیاری مدر ٹنکچرز پوٹینسیاں

۶-۳۰-۲۰۰-۱۰۰۰-۱۰۰۰۰

اور ایک لاکھ طاقت تک۔ ہلک شوگر گولیاں، ٹکیاں، خالی شیشیاں، ہومیو پیتھک و بایوکیمک کتب وغیرہ پاکستان کے تھوک فروشوں کے متوازی نرخوں پر ہم سے خرید فرمائیں۔

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ربوہ

فون ۶۰۶/۶۰۷

قدیم — اوّلین — شہرۂ آفاق

حبّ اٹھرا
مکمل کورس پچیس ۲۵ روپے

تربیہ اولاد گولیاں
مکمل کورس تیس ۳۰ روپے

زد جام عشق
ایک ماہ کی خوراک تیس ۳۰ روپے

مشہور دواخانہ
چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ ۱۹۰
فون نمبر ۴۸۴۴

کریم کالونی نزد فیکٹری ایریا۔ ربوہ

دس مرلہ اور پانچ مرلہ کے رہائشی پلاٹس۔ فیکٹری ایریا سے بفاصلہ قریباً تین فرلانگ۔ نہایت موزوں جگہ۔ سیلاب سے محفوظ۔ پانی میٹھا۔ کشادہ سڑکیں ۲۰ فٹ مناسب قیمت پر قابل فروخت ہیں۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز ۱۵۔ اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

فون دفتر ۵۰۸ —— فون رہائش ۴۰۵

شربت خانہ ساز

نزلہ، زکام، کھانسی، انفلوئنزا، دمہ، تمام کھانسی نیز امراض سینہ کے لئے بہت ہی مفید۔

قیمت تین روپیہ

تیار کردہ دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ ربوہ

دماغی اور جلدی امراض

کے علاج اور مشورہ کے بارہ میں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر اقصیٰ روڈ ربوہ پر ملیں

قاضی دواخانہ چک چھٹہ رجسٹرڈ
حافظ آباد — گوجرانوالہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نقشہ فرودگاہ مہمانانِ کرام جلسہ سالانہ ۱۹۷۷ء

جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانانِ کرام کے قیام کے لئے فی الحال مندرجہ ذیل فرودگاہیں تجویز کی گئی ہیں اگر اس نقشہ میں کوئی تبدیلی ہوئی تو جماعتوں کو اطلاع کر دی جائے گی۔ عہدیدارانِ جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ احبابِ جماعت کو ان کی قیام گاہ کے متعلق اچھی طرح اطلاع کر دیں اور احبابِ جماعت کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ اس بات کی پابندی کریں کہ جو قیام گاہ ان کے شہر و ضلع کے لئے مقرر کی گئی ہے وہیں قیام فرمائیں۔

نمبر شمار	نام قیام گاہ	نام جماعت
۱	مہمان خانہ مردانہ بلاک ۱	لائلپور شہر و ضلع۔ گجرات شہر و ضلع
۲	" " " بلاک ۲	گوجرانوالہ شہر و ضلع، ملتان شہر و ضلع
۳	" " " بلاک ۳	جہلم شہر و ضلع۔ لاہور شہر و ضلع
۴	" " " بلاک ۴	کیمبلپور شہر و ضلع۔ ضلع ہزارہ
۵	اپر گیلری مسجد اقصیٰ	شیخوپورہ شہر و ضلع
۶	جامعہ احمدیہ	سرگودھا شہر و ضلع
۷	اجتماعی خیمہ جات (احاطہ جامعہ احمدیہ)	جھنگ شہر و ضلع۔ ساہیوال شہر و ضلع۔ ڈیرہ غازیخان شہر و ضلع۔
۸	ایوانِ محمود	سیالکوٹ شہر و ضلع
۹	دفاتر انصار اللہ	پشاور ڈویژن۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن
۱۰	دار الضیافت	کراچی ڈویژن
۱۱	خیمہ جات متصل دار الضیافت	کوئٹہ قلات ڈویژن۔ راولپنڈی شہر و ضلع
۱۲	مدرسۃ الحفظ (فضل عمر ریسرچ بلڈنگ)	آزاد کشمیر۔ مظفر گڑھ شہر و ضلع۔ میانوالی شہر و ضلع بہاولپور ڈویژن۔ حیدرآباد ڈویژن۔ خیرپور ڈویژن
۱۳	ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ	پرائیویٹ قیام گاہیں
۱۴	خیمہ جات (احاطہ جامعہ احمدیہ)	
۱۵	خیمہ جات (عقب خلافت لائبریری)	
۱۶	جدید پریس	

(افسر جلسہ سالانہ)

تمباکو نوشوں سے تعاون کی اپیل

ربوہ کے ماحول اور فضا کو پاک رکھنے میں تمام احباب تعاون فرمائیں جو لوگ تمباکو نوشی سے پرہیز نہیں کر سکتے وہ کم از کم اتنا ضرور کریں کہ بازاروں اور پبلک جگہوں میں بیٹھ کر عادت پوری نہ کریں بلکہ چار دیواری اور علیحدگی میں کریں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

(ناظم تربیت)

ماہنامہ "خالد" کا رنگین مصوّر رسالنامہ

امسال جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر ادارہ خالد ایک خصوصی نمبر پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے جس میں یورپ کے جغرافیائی و تاریخی تعارف نیز سکنڈے نیویا اور جرمنی میں جماعتِ احمدیہ کے ذریعہ تبلیغ اسلام اور یورپ میں اسلام کے مستقبل کے اہم اور دلچسپ مضامین کے علاوہ سویڈن، ناروے اور ڈنمارک میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورۂ یورپ ۱۹۷۶ء کے دلچسپ اور ایمان افروز حالات شائع کئے جا رہے ہیں۔

یورپ میں تبلیغ اسلام کی مساعی کا یہ جائزہ احباب جلسہ سالانہ پر حاصل کر سکتے ہیں۔

(ادارہ)

عمدہ اور خالص مٹھائی کے لئے

نذیر ٹی سٹال

مسجد اقصیٰ روڈ

پر تشریف لائیں

امرائے اضلاع اور صدرانِ کرام توجہ فرمائیں

جلسہ سالانہ کے زیرِ انتظام آپ جن رضاکاروں کے نام "دفتر حاضری و نگرانی" کو بھجوا رہے ہیں انہیں ہدایت فرمائیں کہ ۲۳ دسمبر ۱۹۷۷ء تک دفتر حاضری و نگرانی جلسہ سالانہ میں رپورٹ فرمائیں۔ جن جماعتوں سے ایک سے زیادہ رضاکار آ رہے ہیں صدر صاحبان ان میں سے ایک کا تقرر بطور امیر کر کے اپنی تصدیقی چٹھی ان کے ہمراہ بھجوائیں اور چٹھی میں دیگر رضاکاروں کے اسماء معہ ولدیت درج فرمائیں۔ جن جماعتوں سے ایک ایک رضاکار کا نام بھجوایا جا رہا ہے صدر صاحب جماعت ان کو تصدیقی چٹھی ضرور دیں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

ہمارا نصب العین

خدمت ——— دیانت ——— امانت

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے معزز مہمانوں کے لئے

ضروری اطلاع

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے معزز مہمانوں کی سہولت کے لئے ہمارے کاروباری اوقات کار مندرجہ ذیل ہوں گے:-

صبح ۷ بجے سے ۹ بجے تک ——— شام ۴ بجے سے گیارہ بجے تک

با اعتماد ادارہ ——— بے لوث خدمت

ہم ہیں آپ کے خیر خواہ

شریف احمد جاوید بھٹی (پروپرائٹر)

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز

ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن ربوہ

۱۹۷۶ء کے بعد

ترقی کی طرف ایک اور قدم

دواخانہ حکیم نظام جان ۱۹۱۱ء سے اپنی دکھی مخلوق کی خدمت کرتا چلا آ رہا ہے۔ گوجرانوالہ میں اب زچہ و بچہ کے لئے مکمل انتظامات کئے ہیں۔ زنانہ امراض کے علاج کا خاطر خواہ بندوبست ہے۔

دواخانہ حکیم نظام جان گوجرانوالہ

منیجر انوار احمد جان

حمید سویٹ ہاؤس کی عمدہ، لذیذ اور معیاری مٹھائیاں بیاہ شادیوں اور ٹی پارٹیوں میں بے حد مقبول ہیں جلسہ سالانہ پر ہمیں بہتر سے بہتر خدمت کا موقع دیں۔

پروپرائٹر

عبدالمجید سویٹ ہاؤس رحمت بازار۔ ربوہ

جلسہ سالانہ پر تشریف لانیوالے احباب کیلئے

خوشخبری

ہم احباب کی سہولت کے لئے ربوہ میں جلسہ سالانہ کے مبارک ایام کے دوران اپنی دکان نیو پاک جیولرز کی برانچ گول بازار ربوہ میں کھول رہے ہیں۔ ہر قسم کے زیورات اور الیس اللہ بکافٍ عبدہٗ کی دیدہ زیب انگوٹھیاں ہر وقت تیار و دستیاب ہوں گی۔

احباب کے تعاون کا شکریہ

نیو پاک جیولرز

(۱) ۱۱۱ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ۔ لاہور۔

(۲) ۱۲۔ ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور

فون نمبر ۴۱۰۹۲۴۔

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴